پریس اطلاعات بیورو
(اردو یونٹ)
محکمۂ اطلاعات و رابطۂ عامہ، اترپردیش، لکھنؤ
13/12/2021

وزیراعظم زرعی آبپاشی اسکیم 'ہر کھیت کو پانی' کے تحت 6.69 کروڑ روپئے کی مالیاتی منظوری

لکھنؤ: 13 دسمبر 2021

اتر پردیش حکومت نے رواں مالیاتی سال میں وزیراعظم زرعی آبپاشی اسکیم 'ہر کھیت کو پانی' کے تحت 669.90 لاکھ روپئے کی مالیاتی منظوری دی ہے۔

اس ضمن میں نمامی گنگے اور محکمہ دیہی آبی فراہمی کے ذریعہ حکم نامہ جاری کر کے چیف انجینئر محکمہ آبپاشی کو ضروری ہدایت دی گئی ہے۔ جاری حکم نامہ کے مطابق تخمینوں کی شفافیت کی ذمہ داری چیف انجینئر، محکمہ چھوٹی آبپاشی کی ہوگی۔ منظور رقم کی نکاسی اور خرچ منظور کام اسکیم اور مدوں میں اسکیم کے لیے مقررہ گائیڈ لائن پر عمل آوری کو یقینی بناتے ہوئے ہی کیا جائے گا۔

☆☆☆☆☆